| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2 | 0 | 0 | 2 | 1 |

# اردو (لازمی) ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

**وقت: 20 منٹ**

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. ____________

Candidate Sign. ____________

Invigilator Sign. ____________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرے کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | لفظ 'آب' بہ معنی "پانی اور چمک" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | ذو معنی | مترادف | متضاد | محاورہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .2 | جملہ اسمیہ میں مسند کو کیا کہتے ہیں؟ | مبتدا | خبر | فعل ناقص | متعلق خبر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .3 | شعری اصطلاح میں "ادا گدا اور جدا" کیا ہیں؟ | مطلع | ردیف | قافیہ | مقطع | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .4 | کس صنف سخن میں مبالغہ آرائی نہیں ہونی چاہیے؟ | مثنوی | قصیدہ | مرثیہ | نعت | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .5 | "باورچی نے کھانا پکایا" اس جملے میں کھانا قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | مفعول | فعل | فاعل | علامت فاعل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .6 | "ابتدائی نقشہ یا ڈھانچہ" کس صنفِ نثر کے لغوی معنی ہیں؟ | خط | خاکہ | مضمون | افسانہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .7 | شعری اصطلاح میں شاعر کے مختصر نام کو کیا کہتے ہیں؟ | کنیت | لقب | تخلص | خطاب | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .8 | تمہید، نفس مضمون اور خاتمہ کس صنف نثر کے اجزا ہیں؟ | آپ بیتی | افسانہ | ڈراما | مضمون | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .9 | "میں نے بازار سے کتاب خریدی" یہ جملہ علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ | مجاز مرسل | کنایہ | تشبیہ | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .10 | ایسا مرکب جس سے سننے والا پورا مطلب نہ سمجھ سکے کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب تام | مرکب ناقص | مرکب عطفی | مرکب جاری | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .11 | زندگی کے صرف کسی ایک پہلو پر روشنی ڈالنے والی کہانی کیا کہلاتی ہے؟ | ڈراما | ناول | افسانہ | مضمون | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .12 | "صبر ایوب" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | صنعتِ حسن تعلیل | صنعتِ تکرار | صنعتِ تضاد | صنعتِ تلمیح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .13 | لفظ 'غزل' کس زبان سے ماخوذ ہے؟ | عربی | فارسی | لاطینی | یونانی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .14 | "پاکستان بہت جلد اپنے معاشی مسائل پر قابو پالے گا" یہ جملہ کس اندازِ بیان کی مثال ہے؟ | ادبی | صحافتی | سائنسی | عدالتی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .15 | مسدس کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ | چار | پانچ | چھ | سات | ○ | ○ | ○ | ○ |



FBISE PAST PAPERS

# اردو(لازمی) ایس ایس سی - II

وقت:2:40 گھنٹے

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:60

## حصہ دوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر2: الف۔ حصہ نثر

عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں: (7 x 2 = 14)

نانی بستی کی سگی چھوٹی بہن میرٹھ میں بیاہی ہوئی تھیں۔ خاں صاحب کی زندگی میں ایک مرتبہ ان کا میرٹھ جانا ہوا تھا تو اونٹ گاڑی یا گھوڑوں کی شکرم میں۔ ایک روز بیٹھے بیٹھے انھوں نے بیٹے سے کہا کہ بیٹا! انجم کو دیکھے برسوں ہو گئے ہیں۔ شادیوں میں بلایا تو نہ گئی، جانے کیسی ہے؟ جی چاہتا ہے کہ اسے دیکھ کر آؤں۔ تمھارے ابا، خدا بخشے اب زندہ نہیں کہ اچھی طرح پردے کا انتظام کر کے لے جائیں۔ تم شکرم میں بٹھا کر پہنچا دو۔ اونٹ گاڑی موئی تو مجھے کاٹنے کو دوڑتی ہے۔ بیٹا بولا: جب آپ حکم دیں اور شکرم یا اونٹ گاڑی میں بیٹھنے کی کیا ضرورت ہے۔ میں آپ کو دھوئیں کی گاڑی میں لے چلوں گا۔ ریل ان دنوں شروع شروع جاری ہوئی تھی اور عام طور سے اسے دھوئیں کی گاڑی کہتے تھے۔ نانی بستی نے حیران ہو کر پوچھا "اوئی! بھئی یہ دھوئیں کی گاڑی کیسی؟ کیا اس کے اندر چولہے سلگتے ہیں؟ نہیں میاں! میری تو آنکھیں پھوٹ جائیں گی۔

سوالات:

(i) نانی بستی کی چھوٹی بہن کا نام کیا تھا؟

(ii) نانی بستی کی بہن کہاں بیاہی ہوئی تھی؟

(iii) نانی بستی اپنی چھوٹی بہن سے کیوں ملنا چاہتی تھیں؟

(iv) شکرم سے کیا مراد ہے؟ مختصر وضاحت کریں۔

(v) نانی بستی اونٹ گاڑی پر سفر کیوں نہ کرنا چاہتی تھیں؟ **یا** اس عبارت کا خلاصہ لکھیں۔

(vi) دھوئیں کی گاڑی سے کیا مراد ہے؟

(vii) اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ **یا** دھوئیں کی گاڑی کا سفر کرنے سے انکار کی کیا وجہ تھی؟

ب۔ حصہ شعر

درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ (5 x 2 = 10)

(i) غریبوں کی جاں کو یتیموں کے دل کو ‌ ‌ سکوں ہو گیا ہے قرار آ گیا ہے
(ii) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے ‌ ‌ تری آرزو رہنما ہو گئی ہے
(iii) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا ‌ ‌ رنگ، تری ہنسی سے ملتا ہے
(iv) یہ ناہموار چٹیل سلسلے کالی چٹانوں کے ‌ ‌ امانت دار ہیں گویا، پرانی داستانوں کے
(v) رستے میں ہر افتاد و مصیبت کا تھا امکاں ‌ ‌ لاری ہی پہ لکھا تھا کہ "اللہ نگہباں"

سوالات:

(i) شاعر کے مطابق کس کے دل کو سکون اور قرار آگیا ہے؟ (بحوالہ شعر i)

(ii) شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟ (بحوالہ شعر ii)

(iii) 'پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے' کی مختصر وضاحت کریں۔ (بحوالہ شعر iii)

(iv) کالی چٹانوں کے سلسلے کس چیز کے امانت دار ہیں؟ (بحوالہ شعر iv)

(v) پانچویں شعر کا مفہوم تحریر کریں۔ **یا** شعر نمبر 5 میں موجود قافیے کی نشاندہی کریں۔

ورق الٹیے

ج۔ حصہ قواعد

درج ذیل اجزا کے جوابات لکھیں۔ (3 x 2 = 06)

(i) "شکاری نے شیر مارا" اس جملے کی ترکیب نحوی کریں۔

(ii) مقطع کی مختصر وضاحت کریں۔ ایک شعری مثال بھی دیں۔

(iii) استعارہ سے کیا مراد ہے؟ مختصراً لکھیں۔ ایک مثال بھی دیں۔ **یا** کنایہ کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال بھی دیں۔

FBISE PAST PAPERS

## حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

**سوال نمبر 3:** **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔** **(05)**

آزادی کی صبح نوخوشی اور غم کے دونوں پہلو رکھتی تھی۔ آزادی کی قربانیاں، مہاجرین کی آمد، مسائل کی یورش اور اندوہ ناک مناظر کی فراوانی ایک طرف سرحد پار کے مصائب کی داستانیں تھیں اور اس کے ساتھ یہ اطمینان بھی تھا کہ اب مسلمان اپنے عقیدے کے مطابق اپنی خواہشات کے مطابق اپنی دنیا بسا سکیں گے۔ اس وقت سے لے کر اب تک یہی احساس پاکستان کو فکری سطح پر بچائے ہوئے ہے کہ مسلمانوں نے اس ملک کے لیے قربانیاں دی تھیں، انھوں نے عہد کیا تھا کہ اپنی اقدار اور اپنے کلچر کی حفاظت بھی ہمارا فرض ہے۔ پاکستان کی تخلیق مسلمانوں کی اجتماعی خواہشات کا نتیجہ تھی۔

**یا**

ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا، اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔ وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔

**سوال نمبر 4:** **درج ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔** **(05)**

تجھے آبا سے اپنے کوئی نسبت ہو نہیں سکتی
کہ تو گفتار وہ کردار، تو ثابت وہ سیّارا
گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی
ثُریا سے زمیں پر آسماں نے ہم کو دے مارا

**یا**

تھی دشتِ کربلا کی زمیں، رشکِ آسماں
تھا دور دور تک شبِ مہتاب کا سماں
چھٹکے ہوئے ستاروں کا ذروں پہ تھا گماں
نہرِ فرات بیچ میں تھی مثلِ کہکشاں
سرسبز جو درخت تھا وہ نخلِ طور تھا
صحرا کے ہر نہال کا سایہ بھی نور تھا

**سوال نمبر 5:** **درج ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔** **(05)**

موت بھی ، زندگی میں ، ڈوب گئی
یہ وہ دریا ہے ، جس کی تھاہ نہیں
ہے یہ دنیا ، عمل کی ، جولاں گاہ
مَے کدہ اور خانقاہ نہیں

**یا**

بھلاتا لاکھ ہوں، لیکن برابر یاد آتے ہیں
الٰہی! ترکِ الفت پر وہ کیوں کر یاد آتے ہیں
نہیں آتی، جو یاد اُن کی مہینوں تک نہیں آتی
مگر جب یاد آتے ہیں، تو اکثر یاد آتے ہیں

**سوال نمبر 6:** "سچ کی برکت" کے موضوع پر سبق آموز کہانی لکھیں۔ **(05)**

**یا**

پوسٹ ماسٹر جنرل کے نام ڈاکیے کی ناقص کارکردگی کے حوالے سے درخواست لکھیں۔

**سوال نمبر 7:** **دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں:** **(10)**

**وقت کی پابندی**

خاکہ:

(i) وقت کی اہمیت اور مفہوم (ii) نظامِ کائنات اور وقت کی پابندی (iii) اسلامی عبادات میں وقت کی پابندی کا درس
(iv) کسان اور طالب علم کے لیے وقت کی اہمیت (v) وقت کی پابندی نہ کرنے کے نقصانات

**یا**

**حب الوطنی**

خاکہ:

(i) حب الوطنی کا مفہوم (ii) حب الوطنی کی اہمیت (iii) حب الوطنی کے تقاضے
(iv) وطن کی محبت فطری تقاضا (v) حب الوطنی کی عملی صورت



FBISE PAST PAPERS

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

| Version No. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2 | 2 | 0 | 2 | 1 |

# اردو (لازمی) ایس ایس سی -II

## حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

**Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.**

*Do not use lead pencil.*

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. ____________

Candidate Sign. ________________

Invigilator Sign. ______________

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرے کو پر کریں۔

**Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:**

| | سوال | الف | ب | ج | د | الف | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .1 | لفظ 'کل' بہ معنی "آنے والا دن اور پرزہ" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | ذو معنی | مترادف | متضاد | محاورہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .2 | جملہ اسمیہ میں مسند الیہ کو کیا کہتے ہیں؟ | خبر | مبتدا | فعل ناقص | متعلق خبر | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .3 | شعری اصطلاح میں "فضا' ہوا اور صدا" کیا ہیں؟ | مطلع | ردیف | قافیہ | مقطع | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .4 | کس صنف سخن میں مبالغہ آرائی نہیں ہونی چاہیے؟ | مثنوی | قصیدہ | مرثیہ | نعت | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .5 | "طالب علم نے کتاب پڑھی" اس جملے میں "کتاب" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | مفعول | فعل | فاعل | علامت فاعل | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .6 | خاکہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟ | مزاح | ابتدائی نقشہ یا ڈھانچہ | شخصیت | ٹکڑا | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .7 | وہ مختصر نام جو شاعر اصل نام کی بجائے استعمال کرتے ہیں کیا کہلاتا ہے؟ | کنیت | لقب | تخلص | خطاب | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .8 | زندگی کے حقائق اور مسائل پر ادبی انداز میں لکھی جانے والی معلوماتی تحریر کیا کہلاتی ہے؟ | آپ بیتی | افسانہ | ڈراما | مضمون | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .9 | "وہ بریانی کی ساری پلیٹ کھا گیا" یہ جملہ علم بیان کی رو سے کیا ہے؟ | مجاز مرسل | کنایہ | تشبیہ | استعارہ | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .10 | ایسا مرکب جس سے سننے والا پورا مطلب سمجھ سکے کیا کہلاتا ہے؟ | مرکب ناقص | مرکب تام | مرکب عطفی | مرکب جاری | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .11 | ایک ہی نشست میں پڑھی جانے والی کہانی کیا کہلاتی ہے؟ | ڈراما | ناول | افسانہ | مضمون | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .12 | "آتشِ نمرود" قواعد کی رو سے کیا ہے؟ | صنعتِ حسن تعلیل | صنعتِ تکرار | صنعتِ تضاد | صنعتِ تلمیح | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .13 | لفظ 'غزل' کس زبان سے ماخوذ ہے؟ | عربی | فارسی | لاطینی | یونانی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .14 | "مرزا غالب دوستوں کو دیکھ کر باغ باغ ہو جاتے تھے" یہ جملہ کس اندازِ بیان کی مثال ہے؟ | صحافتی | ادبی | عدالتی | سائنسی | ○ | ○ | ○ | ○ |
| .15 | مخمس کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ | تین | چار | پانچ | چھے | ○ | ○ | ○ | ○ |



FBISE PAST PAPERS

# اردو(لازمی) ایس ایس سی - II

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 60

## حصہ دوئم (کل نمبر 30)

**سوال نمبر 2: الف۔ حصہ نثر**

**عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** (7 x 2 = 14)

وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔ گرمی ہو یا جاڑا، دھوپ ہو یا سایہ، وہ دن رات برابر کام کرتا رہا۔ اسے کبھی یہ خیال نہ آیا کہ میں بہت کام کرتا ہوں یا میرا کام دوسروں سے بہتر ہے۔ اسی لیے اسے اپنے کام پر فخر یا غرور نہ تھا۔ وہ یہ باتیں جانتا ہی نہ تھا۔ اسے کسی سے بیر تھا نہ جلاپا۔ وہ سب کو اچھا سمجھتا اور سب سے محبت کرتا تھا۔ وہ غریبوں کی مدد کرتا، وقت پر کام آتا، آدمیوں، جان وروں، پودوں کی خدمت کرتا، لیکن اسے یہ کبھی احساس نہ ہوا کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے۔ نیکی اسی وقت تک نیکی ہے، جب تک آدمی کو یہ نہ معلوم ہو کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے۔ جہاں اس نے یہ سمجھنا شروع کیا، نیکی نیکی نہیں رہتی۔

**سوالات:**

(i) نام دیو ہر کسی سے کس انداز میں ملتا تھا؟

(ii) نام دیو کا غریبوں کے ساتھ کیسا برتاؤ تھا؟

(iii) نام دیو کے مزاج کی عکاسی مصنف نے کن الفاظ میں کی ہے؟

(iv) نام دیو کا کام کے بارے میں کیا نظریہ تھا؟

(v) نام دیو کی کس سے دشمنی تھی؟ **یا** اس عبارت کا خلاصہ لکھیں۔

(vi) نیکی کب تک نیکی رہتی ہے؟ مختصر وضاحت کریں۔

(vii) اس عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ **یا** نام دیو سب کو اچھا کیوں سمجھتا تھا؟

**ب۔ حصہ شعر**

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔** (5 x 2 = 10)

(i) اصول محبت ہے ، پیغام جس کا — وہ محبوب پروردگار آ گیا ہے

(ii) پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت — جب اس راہ کی ابتدا ہو گئی ہے

(iii) بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(iv) یہ ناہموار چٹیل سلسلے کالی چٹانوں کے — امانت دار، ہیں گویا، پرانی داستانوں کے

(v) سیدھی عدم آباد کو جاتی تھی یہ لاری — مخلوق کو خالق سے ملاتی تھی یہ لاری

**سوالات:**

(i) شاعر کے نزدیک حضور ﷺ (خاتم النبیین) کا پیغام کیا ہے؟ (بحوالہ شعر i)

(ii) شاعر منزل مقصود پر پہنچنے کے لیے کیوں پر امید ہے؟ (بحوالہ شعر ii)

(iii) شاعر محبوب کے ستم کیوں بھول جاتا ہے؟ (بحوالہ شعر iii)

(iv) کالی چٹانوں کے سلسلے کس چیز کے امانت دار ہیں؟ (بحوالہ شعر iv)

(v) پانچویں شعر کا مفہوم تحریر کریں۔ **یا** شعر نمبر 5 میں موجود ردیف کی نشاندہی کریں۔

**ج۔ حصہ قواعد**

**درج ذیل اجزا کے جوابات لکھیں۔** (3 x 2 = 06)

(i) "پاکستان اسلامی ملک ہے" اس جملے کی ترکیب نحوی کریں۔

(ii) مطلع کی مختصر وضاحت کریں۔ ایک شعری مثال بھی دیں۔

(iii) تشبیہ سے کیا مراد ہے؟ مختصراً لکھیں۔ ایک مثال بھی دیں۔ **یا** کنایہ کی مختصر وضاحت کریں۔ ایک مثال بھی دیں۔

ورق الٹیے

FBISE PAST PAPERS

## حصہ سوئم (کل نمبر 30)

سوال نمبر3: درج ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں۔ **(05)**

اتنا بڑا صاحب کمال ہم میں سے اٹھ جائے اور اس کی سناؤنی ہم تک نہ پہنچے۔ کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہو جائیں۔ ایسی غفلت مجرمانہ ہوتی ہے۔ شاید یہ ہماری غفلت ہی کی سزا ہے کہ مرزا صاحب کو یوں ایکا ایکی ہم سے چھین لیا گیا۔ عالم کی موت عالم کی موت ہوتی ہے۔ ابھی ہم کو اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ مرزا صاحب کے رخصت ہو جانے سے ہمارا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ اب ان کی عدم موجودگی رہ رہ کر ہمیں ان کی یاد دلائے گی اور وقت کے ساتھ ان کی جدائی کا گھاؤ بڑھتا چلا جائے گا۔

یا

اب علی بخش کا ذہن بڑی تیزی سے اپنے مرکز کے گرد گھوم رہا ہے اور وہ بڑی سادگی سے ڈاکٹر صاحب کی باتیں سناتا جاتا ہے ان باتوں میں قصوں اور کہانیوں کا رنگ نہیں، بلکہ ایک نشے کی سی کیفیت ہے۔ جب تک علی بخش کا یہ نشہ پورا نہیں ہوتا، غالباً اسے ذہنی اور روحانی تسکین نہیں ملتی۔ "صاحب! جب ڈاکٹر صاحب نے دم دیا ہے، میں ان کے بالکل قریب تھا۔ صبح سویرے میں نے انھیں فروٹ سالٹ پلایا اور کہا کہ اب آپ کی طبیعت بحال ہو جائے گی، لیکن عین پانچ بج کر دس منٹ پر ان کی آنکھوں میں ایک تیز تیز نیلی نیلی سی چمک آئی اور زبان سے اللہ ہی اللہ نکلا۔ میں نے جلدی سے ان کا سر اٹھا کر اپنے سینے پر رکھ لیا اور انھیں جھنجوڑنے لگا لیکن وہ رخصت ہو گئے تھے۔"

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ **(05)**

جس طرح ممکن ہو ، تعمیر چمن کرتے رہو
کام اپنا اے محبانِ وطن! کرتے رہو
زندگی یکسر تحرّک ہے، سکوں یکسر ہے موت
کچھ نہ کچھ اے نوجوانانِ وطن! کرتے رہو

یا

یہ سماں اور اک قوی انسان یعنی کاشت کار
ارتقا کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار
جلوۂ قدرت کا شاہد ، حسن فطرت کا گواہ
ماہ کا دل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ
دھوپ کے جھلسے ہوئے رخ پر، مشقت کے نشاں
کھیت سے پھیرے ہوئے منھ، گھر کی جانب ہے رواں

سوال نمبر5: درج ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ **(05)**

بے فائدہ الم نہیں ، بے کار غم نہیں
توفیق دے خدا ، تو یہ نعمت بھی کم نہیں
میری زباں پہ ، شکوۂ اہلِ ستم نہیں
مجھ کو جگا دیا ، یہی احسان کم نہیں

یا

جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور
تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں
اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں
ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

سوال نمبر6: "اتفاق میں برکت" کے موضوع پر سبق آموز کہانی لکھیں۔ **(05)**

یا

انسپکٹر جنرل کے نام بڑھتے ہوئے جرائم کی روک تھام کے حوالے سے درخواست لکھیں۔

سوال نمبر7: دیے گئے اشارات کی مدد سے کسی ایک موضوع پر دو سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیں: **(10)**

**محنت کی برکتیں**

خاکہ:

(i) محنت کی اہمیت (ii) محنت ایک مسلسل عمل ہے (iii) محنت کامیابی کا زینہ ہے
(iv) محنت: قرآن و حدیث کی روشنی میں (v) محنت: عظمت و بلندی کا نشان

یا

**سائنس کے کرشمے**

خاکہ:

(i) سائنس کیا ہے (ii) سائنس کی اہمیت (iii) سائنسی ترقی انسانی معاشرے کی ترقی کی ضمانت
(iv) نت نئی ایجادات سے آسانیاں اور سہولتیں (v) سائنس کے فوائد و نقصانات

—— 2SA-I 25002 (D) ——

FBISE PAST PAPERS